SERVIZIO SANITARIO REGIONALE
EMILIA-ROMAGNA
Azienda Ospedaliera di Reggio Emilia

Istituto in tecnologie avanzate e modelli assistenziali in oncologia
Istituto di Ricovero e Cura a Carattere Scientifico

Arcispedale S. Maria Nuova
Dipartimento Tecnologie Avanzate
Gastroenterologia - Endoscopia Digestiva

Dott. Romano Sassatelli - Direttore

# PREPARAZIONE ALLA COLONSCOPIA
# کولونو اسکوپی کے لئے تیاری

اس جانچ کے لئے تیاری کرتے وقت، آپ کوئی بھی جاری معالجے (دل، تنفس، فشار خون، دوران خون، مانع مجموعہ، وغیرہ کے لئے دوائیں) — حتی کہ جانچ والے دن بھی جاری رکھ سکتے ہیں۔
کوئی اور دست آور دوائیں **نہیں** لی جاسکتی ہیں۔
جانچ والے دن کوئی زنانہ پٹیاں استعمال **نہیں** کی جاسکتی ہیں۔
ڈاکٹر کی ہدایایت کے مطابق مانع انجماد خون معالجہ بند کردیں

## INDICAZIONI PER LA PULIZIA DELL'INTESTINO
## معدے کی صفائی کے لئے ہدایات

جانچ سے قبل والے **ہفتہ** کے دوران پھل یا سبزیاں **نہ کھائیں** (گودے اور بیجوں کی وجہ سے جانچ انجام دینا دشوار ہوسکتا ہے؛ یہ بات خاص طور پر کیوی، اسٹرابیری اور انگوروں پر صادق آتی ہے)۔

درج ذیل مشروبات تیاری والی دوائیں لیتے ہوئے اور جانچ سے دو گھنٹہ پہلے تک استعمال کی جاسکتی ہیں: پانی، چائے، گل بابونہ کی چائے، اور بارلی کا پانی - چاہے شکر ڈال کر میٹھا بنایا ہوا ہو۔
کیا چیز کھانی ہے:
- جانچ سے قبل والی شام کو، آپ بغیر سبزیوں والا سوپ لے سکتے ہیں، جیسے سالمونیلا یا گوشت کی یخنی؛
- جانچ والے دن ناشتے کے لئے، آپ لے سکتے ہیں: چائے، کافی، شہد، شکر اور دو یا تین ٹکڑے زوی بیک (zwieback)۔

اہم: تیاری والی دوا پیتے وقت متلی یا کڑواپن کا احساس ہونا عام سے بات ہے اور یہ تشویش کا باعث نہیں ہے۔
تیاری والی دوا دھیرے دھیرے، مختصر گھونٹ میں پیئیں (اگر اسے فریج میں رکھ دیا جائے تو اس کا ذائقہ بہتر ہوجائے گا)۔
اسے دیگر مشروبات میں ملا کر ذائقے کو بہتر بنایا جاسکتا ہے۔
**تاہم، جانچ مناسب طریقے سے انجام دیئے جانے کے واسطے، معدے کی صفائی والی دوا کی پوری مقدار پی لینا ضروری ہے۔**

SERVIZIO SANITARIO REGIONALE
EMILIA-ROMAGNA
Azienda Ospedaliera di Reggio Emilia

Istituto in tecnologie avanzate e modelli assistenziali in oncologia
Istituto di Ricovero e Cura a Carattere Scientifico

Arcispedale S. Maria Nuova
Dipartimento Tecnologie Avanzate
Gastroenterologia - Endoscopia Digestiva

Dott. Romano Sassatelli - Direttore

## MODALITÀ DI ASSUNZIONE DEL PREPARATO PER LA PULIZIA DELL'INTESTINO
## معدے کی صفائی کی تیاری والی دوا کیسے لی جائے

**<u>PREPARATO AD ALTO VOLUME SELG ESSE 1000</u>**
(Prodotto a base di Sodio solfato e Polietilenglicole - PEG)
**<u>SELG-ESSE 1000 ہائی والیوم پریپریشن (SELG-ESSE 1000 HIGH-VOLUME PREPARATION)</u>**
(سوڈیم سلفیٹ اور پولی ایتھیلین گلائکول - PEG پر مشتمل مصنوع)

### COME ASSUMERE IL PREPARATO
### تیاری والی دوا کیسے لی جائے

SELG (SELG) پر مشتمل 4 پاؤچوں میں سے ہر ایک کو 1 لیٹر غیر **کاربونیٹڈ پانی** میں تحلیل کریں۔
ہر **15 منٹ** پر جلدی سے اس محلول کا ایک بڑا گلاس پی جائیں۔
اگر جانچ سے 3-2 گھنٹے پہلے تک معدہ پوری طرح سے صاف نہیں ہوا ہے (مطلب یہ کہ آخری بار خارج ہونے والے فضلات شفاف مائع پر مشتمل ہونے چاہئیں)، تو مزید ایک لیٹر محلول لینا ضروری ہے۔

### QUANDO ASSUMERE IL PREPARATO
### تیاری والی دوا کس وقت لی جائے

**<u>اگر آپ کی کولونو اسکوپی صبح میں (صبح 9:00 بجے تا دوپہر 1:00 بجے) ہے</u>**

<u>کولونو اسکوپی سے قبل والی شام میں، شام 6:00 بجے تا رات 9:00 بجے</u>
3 لیٹر پانی میں تحلیل کردہ تیاری والی دوا کے 3 پاؤچ (ہر گھنٹے پر 1 لیٹر) پیئیں۔
<u>جانچ والی صبح میں: صبح 7:00 بجے تا صبح 8:00 بجے</u>
ایک لیٹر پانی میں تحلیل کردہ تیاری والی دوا کا ایک پاؤچ پیئیں۔

**<u>اگر آپ کا کولونو اسکوپی سہ پہر میں (دوپہر 2:00 بجے کے بعد) ہے</u>**

<u>کولونو اسکوپی سے قبل والی شام میں، شام 6:00 بجے تا رات 8:00 بجے</u>
معدے کی صفائی کی تیاری والی دوا کی آدھی خوراک (2 لیٹر) پیئیں۔
<u>جانچ والی صبح میں: صبح 9:00 بجے تا صبح 11:00 بجے</u>
تیاری والی دوا کی دیگر آدھی خوراک (دوسرا 2 لیٹر) پیئیں۔

SERVIZIO SANITARIO REGIONALE
EMILIA-ROMAGNA
Azienda Ospedaliera di Reggio Emilia

Istituto in tecnologie avanzate e modelli assistenziali in oncologia
Istituto di Ricovero e Cura a Carattere Scientifico

Arcispedale S. Maria Nuova
Dipartimento Tecnologie Avanzate
Gastroenterologia - Endoscopia Digestiva

Dott. Romano Sassatelli - Direttore

**ایک متبادل کے بطور: PREPARATO A BASSO VOLUME MOVIPREP**
(MACROGOL 3350+ACIDO ASCORBICO)
**موویِ پریپ لو والیوم پریپیریشن (MOVIPREP LOW-VOLUME PREPARATION)**
(میکروجول 3350 + اسکاربک ایسڈ)

جانچ کے لئے صحیح طریقے سے تیاری کرنے کے واسطے، آپ کو 2 لیٹر مووی پریپ (MOVIPREP) پینا ضروری ہے۔ یہ پیکیج 2 شفاف تھیلیوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ ہر شفاف تھیلی میں، آپ کو ایک بڑا پاؤچ A اور ایک چھوٹا پاؤچ B ملے گا۔
ایک لیٹر مووی پریپ (MOVIPREP) اس طرح تیار کیا جاتا ہے کہ ایک پاؤچ A اور ایک پاؤچ B پورا کا پورا 1 لیٹر پانی میں تحلیل کیا جاتا ہے یہاں تک کہ ایک شفاف مائع حاصل ہوجاتا ہے۔ اس محلول کا 1 لیٹر 1 گھنٹے میں (ہر 15-10 منٹ پر ایک پورا گلاس) پیئیں۔ اس کے بعد، اسی طریقے سے تیار کردہ مووی پریپ (MOVIPREP) کا دوسرا لیٹر پیئیں۔
جانچ کے لئے تیاری کرنے کے واسطے، آپ کو مزید ایک لیٹر دیگر شفاف مائع جیسے پانی، چائے، یا گل بابونہ کی چائے بھی پینا ضروری ہے۔

**CONTROINDICAZIONI – متضاد اشارے:**
درج ذیل کیفیات والے مریضوں کو یہ تیاری والی دوا ہرگز نہیں پینی چاہیے: **فینائل کیٹونیوریا (fenilchetonuria)** اسپارٹیم پر مشتمل تیاری والی دوا) اور **فیویزم (favismo)**، جس کو گلوکوز-6-فاسفیٹ ڈیہائیڈروجینیس ڈیفیسیئنسی بھی کہا جاتا ہے (اسکاربک ایسڈ / اسکاربیٹ پر مشتمل تیاری والی دوا)

**اگر آپ کی کولونو اسکوپی صبح میں (صبح 9:00 بجے تا دوپہر 1:00 بجے) ہے**

کولونو اسکوپی سے قبل والی شام میں، شام 6:00 بجے تا شام 7:00 بجے:
1 لیٹر محلول پیئیں، اور اس کے فورا بعد، مزید ایک لیٹر پانی یا دیگر مشروب (چائے، گل بابونہ کی چائے) پیئیں۔
جانچ والی صبح میں، صبح 7:00 بجے تا صبح 8:00 بجے:
محلول کا دوسرا لیٹر (اور، اس کے فورا بعد، پانی کا دوسرا لیٹر) پیئیں۔

**اگر آپ کا کولونو اسکوپی سہ پہر میں (دوپہر 2:00 بجے کے بعد) ہے**

کولونو اسکوپی سے قبل والی شام کو، شام 6:00 بجے تا شام 7:00 بجے:
تیاری والی دوا کا 2 پاؤچ (1 پاؤچ A + 1 پاؤچ B) جو 1 لیٹر پانی میں تحلیل کیا ہوا ہو پیئیں اور، اس کے فورا بعد، ایک لیٹر مزید پانی پیئیں۔
جانچ والی صبح میں، صبح 10:00 بجے تا صبح 11:00 بجے:
تیاری والی دوا کا 2 پاؤچ (1 پاؤچ A + 1 پاؤچ B) جو 1 لیٹر پانی میں تحلیل کیا ہوا ہو پیئیں اور، اس کے فورا بعد، ایک لیٹر مزید پانی پیئیں۔